# ماڈیول ۱۲

## اخلاص کو نقصان پہنچانے والے عوامل: خود پسندی

اخلاص کو نقصان پہنچانے والے اہم عوامل میں سے ایک ضروری پہلو خود پسندی ہے۔ علم کے حصول میں اخلاص کی اہمیت سے ہم واقف ہو چکے ہیں، اور اب یہ جاننا ضروری ہے کہ اخلاص کو کیسے محفوظ کیا جائے۔ خود پسندی ایک ایسا خطرناک رویہ ہے جو انسان کے اخلاص کو کمزور کر دیتا ہے اور اس کی دین و دنیا میں بربادی کا سبب بنتا ہے۔ انسان جب اپنے آپ کو دوسروں سے بہتر سمجھنے لگتا ہے، تو یہ رویہ اللہ کو ناپسند ہوتا ہے اور یہ تکبر کی علامت ہے۔

## خود پسندی اور تکبر کا تعلق

خود پسندی دراصل تکبر کی ایک قسم ہے۔ جب انسان دوسروں کو حقیر سمجھتا ہے اور اپنے آپ کو بہتر قرار دیتا ہے، تو یہ تکبر کی علامت ہے۔ شیطان نے بھی یہی غلطی کی تھی جب اس نے حضرت آدمؑ کو حقیر سمجھا اور اللہ کے حکم کی نافرمانی کی۔ اسی طرح، اللہ تعالیٰ نے خود پسندی اور تکبر کو ناپسند فرمایا ہے اور اس کے نتائج دنیا اور آخرت میں تباہ کن ہوتے ہیں۔

## تکبر کی مختلف اقسام

تکبر کی کئی اقسام ہیں، لیکن سب سے خطرناک تکبر وہ ہے جو علم یا نیکی کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ جب انسان اپنے علم، تقویٰ یا عبادت کی وجہ سے دوسروں کو حقیر سمجھنے لگتا ہے تو یہ تکبر کی بدترین شکل ہے۔ یہ وہی تکبر تھا جس میں شیطان مبتلا ہوا تھا۔ علم یا نیکی کی بنیاد پر تکبر اللہ کو سخت ناپسند ہے اور یہ انسان کے اخلاص کو بری طرح سے کچل دیتا ہے۔

## نبی کریم ﷺ کی عاجزی

نبی کریم ﷺ کی زندگی میں عاجزی کی بہترین مثالیں موجود ہیں۔ آپ ﷺ سب سے زیادہ علم والے ہونے کے باوجود ہمیشہ عاجز رہتے اور کبھی بھی دوسروں کو حقیر نہیں سمجھتے تھے۔ آپ ﷺ نے لوگوں کو نرمی اور محبت سے نصیحت کی اور کبھی بھی کسی کی جہالت یا غلطی کو حقارت سے نہیں دیکھا۔ یہ رویہ ایک علم والے شخص کے لیے لازم ہے کہ وہ دوسروں کے ساتھ نرمی اور عاجزی سے پیش آئے۔

## تکبر سے پرہیز پہ اللہ کا حکم

- اللہ تعالیٰ نے سورہ الاسراء میں فرمایا: "اور زمین پر اکڑ کے مت چلو۔ تم نہ زمین کو پھاڑ سکتے ہو اور نہ پہاڑوں کی بلندی تک پہنچ سکتے ہو۔" (الاسراء، آیت 37)

اس آیت میں اللہ نے انسان کو اس کے مقام کا احساس دلایا اور تکبر سے منع فرمایا۔ تکبر اور اکڑ کر چلنے والے لوگ اللہ کے نزدیک نفرت کے لائق ہیں۔

- "اللہ کسی بھی اکڑ اور فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا۔" (لقمان، آیت 18)

اس آیت میں "اکڑ کے چلنا" اور "رخ موڑنا" تکبر کی علامات ہیں۔ اس لیے انسان کو چاہیے کہ اپنی حرکات و سکنات اور سوچ میں نرمی اور عاجزی پیدا کرے۔

## قارون کا انجام

سورہ القصص میں اللہ نے قارون کا ذکر فرمایا: "پھر ہم نے اسے اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا۔" (القصص، آیت 81)

قارون تکبر اور اپنی دولت کا فخر کرتا تھا۔ اس کے اس رویے کی وجہ سے اللہ نے اسے زمین میں دھنسا دیا، جو قیامت تک اس کی سزا بنی۔

## تکبر کا نتیجہ

نبی ﷺ نے فرمایا: "جو شخص اکڑ کے چلتا ہے، اللہ اس پر غضبناک ہوتا ہے۔"

یہ سزا صرف دنیا میں ہی نہیں، بلکہ آخرت میں بھی اس کا انجام برا ہوگا۔

## نبی کریم ﷺ کی عاجزی

نبی کریم ﷺ کی زندگی میں عاجزی کی بہترین مثالیں موجود ہیں۔ آپ ﷺ سب سے زیادہ علم والے ہونے کے باوجود ہمیشہ عاجز رہتے اور کبھی بھی دوسروں کو حقیر نہیں سمجھتے تھے۔ آپ ﷺ نے لوگوں کو نرمی اور محبت سے نصیحت کی اور کبھی بھی کسی کی جہالت یا غلطی کو حقارت سے نہیں دیکھا۔ یہ رویہ ایک علم والے شخص کے لیے لازم ہے کہ وہ دوسروں کے ساتھ نرمی اور عاجزی سے پیش آئے۔

## علماء کی عاجزی اور انکساری

علماء نے ہمیشہ عاجزی کو اپنایا اور خود پسندی سے دور رہے۔ ان کی زندگی میں عاجزی اور انکساری کا پہلو نمایاں ہوتا ہے، اور وہ اپنے علم کو اللہ کا فضل سمجھتے ہیں۔ علم حاصل کرنے والے شخص کو بھی چاہیے کہ وہ عاجزی اور انکساری کے ساتھ علم حاصل کرے اور کبھی بھی اپنے علم کی بنیاد پر تکبر کا شکار نہ ہو۔

## حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "سب سے زیادہ خوف جس کا مجھے تمہارے لیے اندیشہ ہے، وہ تین چیزیں ہیں۔"

### شُحٌّ مطاع (حرص اور لالچ کی انتہا):

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر تم میں ایسی شدید لالچ پیدا ہو جائے کہ تم اس کے پیچھے چلنا شروع کر دو، تو یہ تمہاری ہلاکت کا سبب بنے گی۔ نبی کریم ﷺ نے بھی فرمایا:

"تم لوگ شُحّ سے بچو، کیونکہ تم سے پہلے لوگوں کو اسی نے ہلاک کر دیا۔ یہ انہیں اس درجہ لے گیا کہ انہوں نے ایک دوسرے کا خون بہایا اور ایک دوسرے کی عزت پامال کی۔"

### ہَوًی مُتَّبَع (خواہشاتِ نفس کا اتباع):

ایسی نفسانی خواہشات جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے حکم کے خلاف ہوں، اور بندہ ان کے پیچھے چلنے لگے، یہ بھی ہلاکت کا باعث بنتی ہیں۔ نفسانی خواہشات کو اس بات کی پرواہ کیے بغیر پورا کرنا کہ وہ اللہ کو پسند ہیں یا نہیں، انسان کی تباہی کا راستہ ہے۔

### اِعجاب بالنفس (خود پسندی):

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ خود پسندی اور اپنے آپ کو بڑا سمجھنا، دوسروں کو حقیر جاننا بھی ہلاکت کا سبب ہے۔ ایسے جذبات انسانی کردار کو تباہ کر دیتے ہیں۔

## حضرت ابو درداء رضی اللہ کا قول

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کے مطابق، جہالت کی تین اہم علامات ہیں جو انسان کے کردار اور عمل کو بگاڑنے کا سبب بنتی ہیں۔ پہلی علامت خود پسندی ہے، یعنی اپنے آپ کو بڑا سمجھنا اور اپنی اہمیت کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنا، چاہے یہ علم کی بنیاد پر ہی کیوں نہ ہو۔ دوسری علامت فضول مصروفیات ہیں، یعنی ایسے کاموں میں الجھ جانا جو نہ فائدے کے لیے ضروری ہوں اور نہ مقصد کے لیے، جیسے بے فائدہ گفتگو یا لاحاصل مصروفیات۔ تیسری علامت منافقت ہے، یعنی لوگوں کو کسی عمل سے روکنا اور پھر خود اسی عمل کو کرنا۔ یہ اقوال ہمیں اپنے کردار کو بہتر بنانے اور اپنی غلطیوں کو پہچان کر درست کرنے کا سبق دیتے ہیں۔

## تکبر اور علم کا غلط استعمال

علم کا مقصد انسان کو اللہ کے قریب لانا اور اس کی معرفت کو بڑھانا ہے۔ اگر علم انسان کو تکبر اور خود پسندی کی طرف لے جائے تو یہ علم کے مقاصد کے خلاف ہے۔ علم کو اللہ کی رضا اور انسانیت کی خدمت کے لیے استعمال کرنا چاہیے، نہ کہ لوگوں کو حقیر سمجھنے یا اپنی برتری ظاہر کرنے کے لیے۔

## Ikhlaas Ko Nuqsan Pohnchanay Walay Awamil: Khud Pasandi

Ikhlas ko nuqsan pohanchane walay ahem awamil mein se ek zaroori pehlu khud pasandi hai.Ilm ke husool mein ikhlaas ki ahmiyat se hum waqif ho chuke hain, aur ab yeh jan'na zaroori hai ke ikhlaas ko kaise mehfooz rakha jaye. Khud pasandi ek aisa khatarnaak rawaiya hai jo insaan ke ikhlaas ko kamzor kar deta hai aur iski deen o duniya mein barbaadi ka sabab banta hai. Insaan jab apne aap ko doosron se behtar samajhne lagta hai, to yeh rawaiya Allah ko na pasand hota hai aur yeh takabbur ki alamat hai.

## Khud Pasandi Aur Takabbur Ka Talluq

Khud pasandi dar-asal takabbur ki ek qisam hai. Jab insaan doosron ko haqeer samajhta hai aur apne aap ko behtar qarar deta hai, to yeh takabbur ki alamat hai. Shaitan ne bhi yahi ghalti ki thi jab usne Hazrat Adam ko haqeer samjha aur Allah ke hukum ki nafarmani ki. Isi tarah, Allah Ta'ala ne khud pasandi aur takabbur ko na-pasand farmaya hai aur iske nataij duniya aur aakhirat mein tabah kun hote hain.

## Takabbur Ki Mukhtalif Iqsam

Takabbur ki kai qisamain hain, lekin sab se khatarnaak takabbur wo hai jo ilm ya neki ki bunyaad par hota hai. Jab insaan apne ilm, taqwa ya ibadat ki wajah se doosron ko haqeer samajhne lagta hai to yeh takabbur ki badtareen shakal hai. Yeh wahi takabbur tha jisme Shaitan mubtala hua tha. Ilm ya neki ki bunyaad par takabbur Allah ko sakht na-pasand hai aur yeh insaan ke ikhlaas ko buri tarah se kuchal deta hai.

## Takabbur Se Parhez pe Allah ka Huqum

- Allah Ta'ala ne Surah Al-Isra mein farmaya:
  "Aur zameen par akad ke mat chalo. Tum na zameen ko phaad sakte ho aur na pahaadon ki bulandi tak pahun sakte ho." (Al-Isra, Ayat 37)

Is ayat mein Allah ne insan ko uske maqam ka ehsaas dilaya aur takabbur se mana farmaya. Takabbur aur akad kar chalne wale log Allah ke nazdeek nafrat k liye maqsoos hain.

- "Allah kisi bhi akad aur fakhr karne wale ko pasand nahi karta."(Luqman, Ayat 18)

Is ayat mein "akad ke chalna" aur "rukh modna" takabbur ke alamatein hain. Is liye insan ko apni harkat aur soch mein narmi aur tawazu rakhni chahiye.

## Qaroon Ka Anjam

Surah Al-Qasas mein Allah ne Qaroon ka zikr farmaya:"Phir humne use aur uske ghar ko zameen mein dhaans diya."(Al-Qasas, Ayat 81)

Qaroon takabbur aur apni dolat ka fakhr karta tha. Uske is rawaiye ki wajah se Allah ne usko zameen mein dhaansa diya, jo qayamat tak uski saza bani.

## Takabbur Ka Nateeja

Nabi ﷺ ne farmaya:
"Jo shakhs akad ke chalta hai, Allah us par ghazabnak hota hai."
Yeh saza sirf dunya mein hi nahi, balki akhirat mein bhi uska anjam bura hoga.

## Nabi Kareem ﷺ Ki Aajzi

Nabi Kareem ﷺ ki zindagi mein aajzi ki behtareen misaalain mojood hain. Aap ﷺ sab se zyada ilm walay hone ke bawajood hamesha aajiz rehte aur kabhi bhi doosron ko haqeer nahi samajhte thay. Aap ﷺ ne logon ko narmi aur mohabbat se naseehat ki aur kabhi bhi kisi ki jahalat ya ghalti ko haqaarat se nahi dekha. Yeh rawaiya ek ilm walay shakhs ke liye laazim hai ke wo doosron ke sath narmi aur aajzi se pesh aaye.

## Ulama Ki Aajzi Aur Inkisari

Ulama ne hamesha aajzi ko apnaya aur khud pasandi se door rahe. Unki zindagi mein aajzi aur inkisari ka pehlu numaya hota hai, aur wo apne ilm ko Allah ka fazl samajhte hain. Ilm hasil karne walay shakhs ko bhi chahiye ke wo aajzi aur inkisari ke sath ilm hasil kare aur kabhi bhi apne ilm ki bunyaad par takabbur ka shikar na ho.

## Hazrat Umar رضی اللہ عنہ Ka Qoul

Hazrat Umar **رضی اللہ عنہ** ne farmaya:
**"Sabse zyada khauf jis se mujhey tumahri liye ata hai, woh teen cheezein hain."**

1. **Shuh Mutahaq (Hirs aur Lalach ki inteha):**
   Hazrat Umar **رضی اللہ عنہ** ne farmaya ke agar tum mein itni shiddat ki lalach paida ho jaye ke tum uske peeche chalna shuru kar do, to yeh tumhari halaakat ka sabab banegi. Nabi ﷺ ne bhi farmaya:
   "Tum log shuhun se bacho, kyunki tumse pehle logon ko is ne hilaak kar diya. Yeh unhein is darja le gaya ke unhone ek doosre ka khoon bahaaya aur ek doosre ki izzat ko paamaal kiya."

2. **Hawan Mutabi'a (Hawasat-e-Nafs ka itteba):**
   Aisi nafsani khwahishat jo Allah aur uske Rasool ﷺ ke hukum ke khilaaf hon, aur banda unke peeche chalne lage, yeh bhi halaakat ka sabab hai. Nafsani khwahishat ko bina is baat ki parwa ke poora karna ke woh Allah ko pasand hai ya nahi, insani tabahi ka raasta hai.

3. **I'jaab bin Nafs (Khud pasandi):**
   Hazrat Umar **رضی اللہ عنہ** ne farmaya ke khud pasandi aur apne aap ko barha samajhna, doosron ko haqeer samajhna bhi halaakat ka sabab hai. Aise jazbaat insani kirdar ko tabah karte hain.

## Hazrat Abu Darda رضی اللہ عنہ ka Qaul

Hazrat Abu Darda **رضی اللہ عنہ** ke mutabiq, jahalat ki teen ahem alamaat hain jo insan ke kirdar aur amal ko bigadne ka sabab banti hain. Pehli alamat khud pasandi hai, yani apne aap ko bara samajhna aur apni ahmiyat ko barhawa dena, chahe yeh ilm ki buniyad par hi kyun na ho. Dusri alamat fazool masroofiyat hai, yani aise kaamon mein ulajh jana jo nafa ya maqsad ke liye zaroori na ho, jaise bekar guftagu ya lagv masroofiyat. Teesri alamat munafiqat hai, yani logon ko kisi amal se rokhna aur phir khud us amal ko karna. Yeh aqwal humein apne kirdar ko behtari ki taraf le jane aur apni galatiyon ko pehchan kar durust karne ka dars dete hain.

## Takabbur Aur Ilm Ka Ghalat Istemaal

Ilm ka maqsad insaan ko Allah ke qareeb lana aur iski ma'rifat ko barhana hai. Agar ilm insaan ko takabbur aur khud pasandi ki taraf le jaye to yeh ilm ke maqasid ke khilaaf hai. Ilm ko Allah ki raza aur insaniyat ki khidmat ke liye istemaal karna chahiye, na ke logon ko haqeer samajhne ya apni bartari zaahir karne ke liye.